ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(191)

04.04.24

**بہاولپور(            )وزیر اعلی پنجاب کی جانب سے منشیات فروشوں کے خلاف خصوصی مہم، ڈی پی او اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھر پور کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری، گزشتہ 10 روز میں متعدد منشیات فروش گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد کر لی۔ ضلع بہاولپور کو منشیات سے پاک کرنے کا عزم ہر صورت پورا کیا جائے گا، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا، جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھر پور ایکشن لیتے ہوئے گزشتہ 10 یوم میں 121 مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے 122 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 4831 لیٹر شراب، 16 عدد چالو بھٹیاں، 61 کلو 780 گرام چرس، 390 گرام کرسٹل آئس اور 30 کلو بھنگ برآمد کرلی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے بات کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔ منشیات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق اپنی کارکردگی کو بہتر بنائیں۔ اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات وشراب برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (192)

مورخہ 04.04.24

## بہاول پور (        ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے عیدالفطر سے قبل شہید کانسٹیبل کی فیملی کو ان کے گھر جا کر عید کے تحائف پیش کیئے۔ ہم اپنے شہدا کی قربانیوں کو کبھی نہیں بھولے، شہدائے پولیس نے اپنا کل ہمارے آج کیلئے قربان کیا، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب کی ہدایت کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے شہید کی فیملی کو ان کے گھر جا کر عید کے تحائف پیش کیے اور شہید کانسٹیبل کے بچوں کے سر پر دست شفقت رکھا۔ اس حوالے سے ڈی پی او اسد سرفراز خان نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملک وقوم کے لئے اپنی شاندار خدمات پیش کر کے شہادت کا رتبہ پانے والے ہمارے ہیرو ہیں۔ ہم ان کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے، دکھ سکھ کی ہر گھڑی میں ہم ہمیشہ ان کی فیملیز کے ساتھ ہیں۔ پولیس کی اولین ذمہ داری عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ ہے جس کو نبھانے کیلئے محکمہ پولیس کے جوانوں نے اپنی جان کے نذرانے پیش کیئے۔ ہم اپنے عوام کے محافظ ہیں اور ہمیں یہ فخر ہے کہ اللہ تعالی اور اس ملک نے یہ ذمہ داری ہمیں سونپی اور ہم اس کو نبھانے کی پوری کوشش کر رہے ہیں۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تمام سرکلز کے ایس ڈی پی اوز کو بھی ہدایت کی کہ اپنے اپنے سرکل میں شہدا کے ورثا کی خدمت میں تحائف پیش کرتے ہوئے انہیں یقین دلائیں کہ محکمہ پولیس ہمیشہ ان کے ساتھ ہے اور ساتھ رہے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان گزشتہ روز شہید کنسٹیبل غلام حسین کی فیملی کو ان کے گھر جا کر پھولوں کا گلدستہ، عیدی کی رقم اور دیگر تحائف پیش کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(193)

04.04.24

**بہاولپور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد،30 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے،انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں مسائل حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج کم ہو اور انکے مسائل فوری اور میرٹ پر حل ہوں،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 30 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو فرداً فرداً تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔کھلی کچہری میں ڈی پی او نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران کو حکم دیا کہ کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں حاضر آ کر مقدمات کی پراگرس کے متعلق بریف کریں۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت حل ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جارہی ہے،سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور ان کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل سن کر فوری متعلقہ افسران کو حکم جاری کرتے ہیں جس سے فوری انصاف کو یقینی بنایا جارہا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان اپنے دفتر کے باہر کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سننے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں